© rasailojaraid.com



## فقہی سیمینار

# تراویح میں ایک بار بسملہ بلند آواز سے پڑھنے کا حکم

**سوال :** مسلمانانِ عالم میں رمضان المبارک میں نماز تراویح میں ختمِ قرآن کریم کا رواج ہے۔ اس موقع پر حفاظ کرام عموماً آخری شب ختم قرآن کے موقع پر نماز تراویح کی کسی رکعت میں ایک بار بسم اللہ شریف بلند آواز سے تلاوت کرتے ہیں جس پر بعض لوگوں کو اعتراض ہے کہ اس کا ثبوت کیا ہے۔ براہ کرم ثبوت کے ساتھ اس مسئلہ کی وضاحت فرمائیں۔

(اسد اللہ قادری خانیوال کالونی نمبر ۱)

**جواب :**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبہ نستعین ..............................

جناب اسد اللہ قادری صاحب، نماز تراویح میں قرآن شریف سنانے والے کے لئے ایک بار بآوازِ بلند بسملہ پڑھنا سنت ہے اور اس کا ثبوت متعدد کتب فقہ وفتاوی میں مرقوم ہے۔

آپ کے سوال کے جواب میں ہم فتاوی رضویہ کا ایک اقتباس پیش کرتے ہیں جو اس باب میں کافی ووافی ہے۔

"............... مسلم الثبوت میں ہے: البسملة من القرآن آية فتقرأ في الختم مرة (دیکھئے مسلم الثبوت کامل، مسئلہ البسملة من القرآن)

ملک العلماء بحر العلوم اس کی شرح فواتح الرحموت میں فرماتے ہیں: علی هذا ينبغي ان يقرأ ها في التراويح بالجهر مرة ولا تتادى سنة الختم دونها (دیکھئے فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت مسئلہ البسملة من القرآن) قمر الاقمار میں ہے اعلم ان التسمية آية من القرآن

☆ الاجتهاد لا ينقض بالاجتهاد ☆ اجتہاد اجتہاد کے ساتھ باطل نہیں ہوگا ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



كله انزلت للفصل بين السور وليست جزء من الفاتحة ولا من كل سورة فالقرآن عبارة عن مائة واربعة عشر سورة وآية وهى التسمية فلابد فى ختم القرآن من قرأة التسمية مرة على صدر آية سورة كانت وهذا كله عندنا على المختار۔

یعنی بسم اللہ شریف سارے قرآن کریم میں صرف ایک آیت ہے کہ سورتوں میں فصل کے لئے اتاری گئی نہ وہ فاتحہ کی جز ہے نہ ہر سورت کی ،تو قرآن عظیم نام ہے ایک سو چودہ سورتوں اور ایک آیت کا کہ وہ بسم اللہ شریف ہے پس ختمِ قرآن میں بسم اللہ شریف کا کسی سورت کے سرے پر ایک بار پڑھنا ضروری ہے یہ سب ہمارے ائمہ (احناف) کا مذہبِ مختار ہے۔.................. " تفصیلات کے لئے مطالعہ فرمائیں اعلیٰ حضرت فاضلِ بریلوی کا رسالہ وصاف الرجیح فی بسملۃ التراویح۔


# خواتین کے مسائل

خواتین کے فقہی مسائل پر ایک مفید کتاب

مؤلفہ: شازیہ قادریہ : تقریظ مفتی منیب الرحمٰن ہزاروی

**ناشر: مکتبہ غوثیہ سبزی منڈی کراچی**


## اساتذۂ فقہِ اسلامی کے لئے خوشخبری

دینی مدارس میں فقہی مضامین کی تدریس فرمانے والے ایک سو معزز اساتذہ کرام کو مجلّہ فقہ اسلامی چھ ماہ کے لئے اعزازی (مفت) جاری کرنے کی گنجائش پیدا کی گئی ہے۔ اساتذہ کرام مجلّہ میں شائع ہونے والے استفسار یہ رفارم کے مطابق کوائف ارسال فرما کر مجلّہ اپنے نام (مفت) جاری کرا سکتے ہیں۔ مجلّہ کا اجراء پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر ہوگا۔.......... (مجلسِ ادارت)

کسی سرزمین پر ایک حد کے نفاذ کی برکت وہاں چالیس روز نازل ہونے والی بارش کی برکت سے بہتر ہے

© rasailojaraid.com